Roll No. (اُمیدوار خود پُر کرے)

اُردو (لازمی) **S.S.C (9th)-A-2022** وقت : [illegible]

پرچہ: I گروپ : پہلا معروضی- (iv) نمبر : 15

Paper Code 5027

Sw-G1-22

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات C, B, A اور D دیئے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیئے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مار کر یا پین سے بھر دیجیے۔
ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہو گا۔

سوال نمبر۔1 حصہ اوّل

| جز۔ | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | "سلطان" کی جمع ہے۔ | سلطانان | سلاطین | سلطانوں | سلاطینان |
| .2 | "ثوابت" کا واحد ہے۔ | ثبوت | ثابت | ثواب | ثبت |
| .3 | "پارسی" کی مؤنث ہے۔ | پارسائی | پارسہ | پرسن | پارسن |
| .4 | بھینس کو کوئی دلچسپی نہیں ہے۔ | آرام سے | جگالی سے | بین سے | شمع سے |
| .5 | نظم "حمد" میں حمد سرا ہے۔ | محرم | نامحرم | فرمانبردار | نافرماں |
| .6 | صبا آتی ہے۔ | مکہ مکرمہ سے | مدینہ منورہ سے | طائف سے | مصر سے |
| .7 | "خدائے سخن" کہا جاتا ہے۔ | مرزا غالب کو | بہادر شاہ ظفر کو | میر تقی میر کو | حیدر علی آتش کو |
| .8 | "موافق" کا متضاد ہے۔ | [illegible] | مخالف | نفرت | سخاوت |
| .9 | "مہتر" کی مؤنث ہے۔ | مہترائن | مہتری | مہتیران | مہترانی |
| .10 | اسی طرح راتیں غار میں گزاریں۔ | تین | چار | پانچ | سات |
| .11 | ایک صحبت میں مرزا غالب تعریف کر رہے تھے۔ | ذوق کی | مومن کی | بہادر شاہ ظفر کی | میر تقی میر کی |
| .12 | اٹھنے، بیٹھنے، چلنے پھرنے میں سستی کرنا ہے۔ | نیند | کاہلی | بے کاری | بے عملی |
| .13 | میاں صاحب کا نام تھا۔ (سبق "آرام و سکون") | اشتیاق | مشتاق | اشفاق | اسحاق |
| .14 | دکاندار دکان کھولنے سے پہلے دہشت گردوں کے حوالے سے جائزہ لیں۔ | تالوں کا | ارد گرد لوگوں کا | ارد گرد مشکوک اشیاء کا | دکان کے اندر اشیاء کا |
| .15 | استاد صاحب کے لیے جھالر والے تکیے پر تصویر کڑھی تھی۔ | ہرن | مرغ | مور | بارہ سنگھا |

BLANK

www.taleem360.com

(اُمیدوار خود پُر کرے) Roll No.

اُردو (لازمی) S.S.C (9th)-A-2022 وقت : 2:10 گھنٹے

پرچہ : I گروپ : پہلا انشائی نمبر : 60

SWL-G1-22

حصّہ دوم

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصّہ نظم اور دو حصّہ غزل سے): 6=2x3

(حصّہ نظم)

i۔ قبضہ ہو دلوں پر کیا اور اِس سے سوا تیرا — اِک بندۂ نافرماں ہے حمد سرا تیرا

ii۔ جیوں تیرے در پر، مروں تیرے در پر — یہی مجھ کو حسرت یہی آرزو ہے

iii۔ پڑتے ہیں پانی ہر جا جل تھل بنا رہے ہیں — گلزار بھیگتے ہیں سبزے نہا رہے ہیں

iv۔ ڈالی گئی جو فصلِ خزاں میں شجر سے ٹوٹ — ممکن نہیں ہری ہو سحابِ بہار سے

(حصّہ غزل) 4=2x2

i۔ رہی سبز بے فکرِ کشتِ سخن — نہ جوتا کیا میں، نہ بویا کیا

ii۔ ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

iii۔ بلبل کو باغباں سے نہ صیّاد سے گلہ — قسمت میں قید لکھی تھی فصلِ بہار میں

حصّہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے: 10=5+5

(الف) اس وقت جب کہ دعوتِ حق کے جواب میں ہر طرف سے تلوار کی جھنکاریں سنائی دے رہی تھیں، حافظِ عالم نے مسلمانوں کو دارالامان مدینہ کی طرف سے رُخ کرنے کا حکم دیا، لیکن خود وجودِ اقدس ﷺ جو اُن ستم گاروں کا حقیقی ہدف تھا، اپنے لیے حکمِ خدا کا منتظر تھا۔

(ب) ڈاکٹر: جی نہیں بیگم صاحبہ! تردّد کی کوئی بات نہیں، مَیں نے بہت اچھی طرح معائنہ کر لیا ہے۔ صرف تکان کی وجہ سے حرارت ہو گئی ہے۔ ان دنوں آپ کے شوہر غالباً کام بہت زیادہ کرتے ہیں۔

بیوی: ڈاکٹر صاحب! ان دنوں کیا، ان کا ہمیشہ سے یہی حال ہے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

i۔ ہجرتِ نبوی ﷺ سے کیا مراد ہے؟

ii۔ مرزا غالب کو کہاں کہاں سے خط آتے تھے؟

iii۔ دلی قویٰ کو بے کار چھوڑ دینے کا کیا مطلب ہے؟

iv۔ مضمون نگار کے بقول اصول کے لیے کسی کتاب کو پڑھنے کی ضرورت کیوں نہیں ہے؟

v۔ قدرِ ایاز میں مصنف کو ملنے والے بنگلے میں چمن کیسا تھا؟

vi۔ نعت کا شاعر اپنی حُرمت اور آبرو کس بات میں خیال کرتا ہے؟

vii۔ علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے مطابق خلوتِ اوراق میں کون نغمہ زن تھے؟

viii۔ بہادر شاہ ظفر کے مطابق بلبل کی قسمت میں کیا لکھا تھا؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) مرزا غالب کے عادات وخصائل (ب) [illegible]

6۔ شاملِ نصاب نظم "حمد" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ اپنی بہن کے نام خط لکھیے جس میں کسی تاریخی عمارت کی سیر کا حال لکھیے۔ 10

یا

اسکول کے ہیڈ ماسٹر صاحب کے نام فیس معافی کے لیے درخواست لکھیے۔

8۔ "جس کا کام اُسی کو ساجے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ یا مریض اور ڈاکٹر کے درمیان مکالمہ تحریر کیجیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی درستی کیجیے۔ 5

i۔ مدثر نے قرآن پاک کو پڑھا ہوگا۔

ii۔ میں نے کتاب پڑھنا ہے۔

iii۔ ریوڑ جنگل میں چر رہے ہیں۔

iv۔ سامان، مکانات دکانیں سب کچھ جل گئے۔

v۔ لڑکیوں نے کتّے کے مارا۔

یا

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ اُلٹے بانس ________۔

ii۔ بوڑھی گھوڑی ________۔

iii۔ پاک رہو ________۔

iv۔ جتنی چادر دیکھیے ________۔

v۔ شگوفہ ________۔

www.taleem360.com

Roll No. (امیدوار خود پُر کرے)

اردو (لازمی)

**S.S.C (9th)-A-2022**

وقت : 20 منٹ

نمبر : 15

پرچہ : I

گروپ : دوسرا

معروضی-(ii)

| Paper Code | 5 | 0 | 2 | 4 |
|---|---|---|---|---|

SWL-G2-22

نوٹ:- ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A, B, C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجیے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔

## حصہ اوّل

سوال نمبر 1

| جز | سوالات | A | B | C | D |
|---|---|---|---|---|---|
| .1 | سبق "دلی کے پرندے اور دوسرے جانور" کے مصنف کا نام ہے۔ | سر سیّد احمد خاں | مرزا غالب | شفیق الرحمٰن | حالیؔ |
| .2 | نظم "پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ" کے شاعر کا نام ہے۔ | امیر مینائیؔ | حالیؔ | غالبؔ | علامہ محمد اقبال رحمۃ اللہ علیہ |
| .3 | رسول پاک ﷺ کی عقیدت کے جذبات کو اُجاگر کرنے والی نظم کہلاتی ہے۔ | نعت | حمد | مسدس | غزل |
| .4 | "مقطع" کے لغوی معنی ہیں۔ | شروع کرنا | آواز دینا | ختم کرنا | یاد کرنا |
| .5 | "خان" کی مؤنث ہے۔ | خانی | خانو | خانم | خائن |
| .6 | "گوالن" کا مذکر ہے۔ | گھسیارا | گوالا | گنوارا | گولا |
| .7 | "اشارہ" کی جمع ہے۔ | اشارات | اشارے | اشارتوں | اشاراتوں |
| .8 | "علوم" کا واحد ہے۔ | عالم | علمی | عمل | علم |
| .9 | "سزا" کا متضاد ہے۔ | جذبہ | جزا | جرم | جرائم |
| .10 | بارش ہوتی ہے تو کتے کیا کرتے ہیں؟ | بیٹھ جاتے ہیں | نہاتے ہیں | گاتے ہیں | روتے ہیں |
| .11 | شبلی نعمانیؔ کی مشہور کتاب ہے۔ | شعر العجم | آبِ حیات | نقشِ فریادی | بالِ جبریل |
| .12 | مرزا کے نہایت وسیع تھے۔ | خصائل | کردار | افکار | اخلاق |
| .13 | قوم کی بہتری کی توقع کی جاسکتی ہے۔ | خوش رہ کر | کاہلی چھوڑ کر | فکر چھوڑ کر | پریشان رہ کر |
| .14 | سلیم کو کس نے آکر جگایا؟ | نصوح | میاں | بیدارا | ماں |
| .15 | خیالات و جذبات کا تحریری اظہار کہلاتا ہے۔ | مضمون | کہانی | افسانہ | ڈرامہ |

www.taleem360.com

Roll No. [ ] (اُمیدوار خود پُر کرے)

اُردو (لازمی) S.S.C (9th)-A-2022 وقت : 2:10 گھنٹے

پرچہ : I گروپ : دوسرا انشائی نمبر : 60

SWL-G2-22

## حصہ دوم

2۔ درج ذیل نظم وغزل کے اشعار کی تشریح کیجیے (تین اشعار حصہ نظم اور دو حصہ غزل سے): 6=2x3

### (حصہ نظم)

i. گو سب سے مقدم ہے حق تیرا ادا کرنا — بندے سے مگر ہوگا حق کیسے ادا تیرا

ii. سب بھیجتے ہیں گھر گھر لے ماہ تا بہ ماہی — یہ رنگ کون رنگے تیرے سوا الٰہی!

iii. جسے جس طرف آنکھ، جلوہ ہے اُس کا — جو یک سُو ہو دل تو وہی چار سُو ہے

iv. ملّت کے ساتھ رابطہ استوار رکھ — پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ

### (حصہ غزل) 4=2x2

i. ہم ہیں مشتاق اور وہ بیزار — یا الٰہی! یہ ماجرا کیا ہے

ii. کہوں کیا ہوئی عمر کیوں کر بسر — میں جاگا کیا، بخت سویا کیا

iii. دن زندگی کے ختم ہوئے شام ہو گئی — پھیلا کے پاؤں سوئیں گے کُنجِ مزار میں

## حصہ سوئم

3۔ درج ذیل نثر پاروں کی تشریح کیجیے۔ خط کشیدہ الفاظ کے معانی، سبق کا عنوان اور مصنف کا نام بھی لکھیے۔ 10=5+5

(الف) اگرچہ مرزا کی آمدنی قلیل تھی، مگر حوصلہ فراخ تھا۔ سائل اُن کے دروازے سے خالی ہاتھ بہت کم جاتا تھا۔ اُن کے مکان کے آگے اندھے، لنگڑے، لُولے اور اپاہج مرد عورت پڑے رہتے تھے۔

(ب) یہاں ایک بہت خلیق اور ہنس مکھ نگرانِ کار تھے۔ مجھے جگہ نہیں ملی تھی، میں نے اُن سے کہا، وہ میرے ساتھ ہو لیے۔ جگہ بتائی اور بڑی دیر تک ہنس ہنس کر باتیں کرتے رہے۔ میں سمجھا چلو بیڑا پار ہے۔ اللہ دے اور بندہ لے۔

4۔ درج ذیل سوالات میں سے کوئی سے پانچ کے مختصر جوابات دیجیے: 10

i۔ کنایہ کی لغوی و اصطلاحی تعریف کیجیے۔

ii۔ تشبیہ سے کیا مراد ہے؟ اور اس کے کتنے ارکان ہیں؟

iii۔ قافیہ سے کیا مراد ہے؟

iv۔ ماسٹر جی چھوٹے چودھری کے گاؤں کیوں گئے تھے؟

v۔ آپ اپنے سکول میں دہشت گردی کی روک تھام کے لیے کیا کر سکتے ہیں؟

vi۔ ڈرامہ "لہو اور قالین" کے کرداروں کے نام لکھیے۔

vii۔ صحت مند رہنے کے لیے کیا باتیں ضروری ہیں؟

viii۔ ناول سے کیا مراد ہے؟ سبق "نصوح اور سلیم کی گفتگو" ڈپٹی نذیر احمد کے کس ناول سے لیا گیا ہے؟

5۔ درج ذیل میں سے کسی ایک سبق کا خلاصہ تحریر کیجیے۔ 5

(الف) ہجرتِ نبوی ﷺ (ب) لہو اور قالین

6۔ شاملِ نصاب نظم "برسات کی بہاریں" کا مرکزی خیال یا خلاصہ لکھیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 5

7۔ مالکِ مکان کو ایک خط تحریر کیجیے جس میں مکان کی مرمت کی طرف توجہ دلائی گئی ہو۔ 10

**یا**

ضلعی ہیلتھ آفیسر کو درخواست لکھیے جس میں محلے میں صفائی کی ناقص صورتِ حال کا ذکر کیا گیا ہو۔

8۔ "اتفاق میں برکت ہے" کے عنوان پر کہانی تحریر کیجیے۔ **یا** باپ اور بیٹے کا ہوٹل کے منیجر کے ساتھ مکالمہ لکھیے۔ 5

9۔ درج ذیل جملوں کی دُرستی کیجیے۔ 5

i۔ عزیز نے پھول کو توڑا۔

ii۔ سفیان نے رو دیا۔

iii۔ اکرام نے بچہ کو اُس کی ماں کو دے دیا۔

iv۔ یاسمین نے کیلے کھایا۔

v۔ فوج نے حملہ کیے۔

**یا**

درج ذیل جملوں کی تکمیل کیجیے۔

i۔ اپنا سا منھ لے کر ________

ii۔ آخر تھو ________

iii۔ باسی کڑھی میں ________

iv۔ چور کی داڑھی ________

v۔ گڑ سے جو مرے ________

02-122-A-48000

www.taleem360.com